# 11-04-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی حکومت نے حالیہ دنوں غیر موسمی بارش سے ہوئے نقصانات پر کسانوں کو یقین دلایا کہ حکومت ان کی ہر ممکنہ مدد کرے گی۔

۲۔ریاستی وزرانے راجنا سرسلہ ضلع کے سرسلہ ٹاؤن میں اپاریل پارک کا افتتاح کیا۔

۳۔بی آر ایس کے کارگزار صدر ورکن اسمبلی تارک راما راؤ نے الزام لگایا کہ کانچا گچی باؤلی میں 400 ایکر اراضی کو فروخت کرنے کے منصوبہ کے ساتھ ریاستی حکومت کے بڑے مالیتی دھوکہ دہی کا پردہ فاش ہوا ہے جس کے ذریعہ حکومت تقریباً 10 ہزار کروڑ روپے اہم لیڈران کو فراہم کرنا چاہتی تھی۔

اور

۴۔تلنگانہ کے مختلف اضلاع جیسے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی کے کئی مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

COMMITTEE:

سپریم کورٹ کی بااختیار کمیٹی کے رکن ونئے لیمائے کے رنگاریڈی ضلع کے کانچا گچی باؤلی اراضی کے دورہ کے دوران ارکانِ پارلیمنٹ سی کرن کمار ریڈی اور رگھورام ریڈی نے ان سے ملاقات کی۔ کانچا گچی باؤلی کے سروے نمبر 25 جو کہ 2324 ایکر اور 5 گنٹہ پر محیط ہے پر اس دورہ کے دوران توجہ مرکوز کی گئی۔ ریونیو ریکارڈ کے مطابق یہ زمین کانچا استبل پورمبو کے سرکاری کے طور پر رجسٹر ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سرکاری زمین ہے۔ ارکان پارلیمان نے کہا کہ حالانکہ یونیورسٹی آف حیدرآباد نے سروے نمبر 25 اور آس پاس کے دیگر سروے کی زمین 1975ء میں حاصل کی تھی تاہم سرکاری طور پر اس پر مالیکانہ حقوق کا دعویٰ نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ زمین سرکاری ملکیت ہے۔ اس موقع پر ارکانِ پارلیمان نے ان دعوؤں کو بھی مسترد کر دیا کہ یہ جنگلاتی اراضی ہے۔ بعد میں انہوں نے سپریم کورٹ کمیٹی کے رکن کو باضابطہ ایک میمورنڈم حوالہ کیا۔

KTR-LAND:

بی آر ایس کے کارگزار صدر ورکن اسمبلی تارک راما راؤ نے الزام لگایا کہ کانچا گچی باؤلی میں 400 ایکر اراضی کو فروخت کرنے کے منصوبہ کے ساتھ ریاستی حکومت کے بڑے مالیتی دھوکہ دہی کا پردہ فاش ہوا ہے جس کے ذریعہ حکومت تقریباً 10 ہزار کروڑ روپے اہم لیڈران کو فراہم کرنا چاہتی تھی۔ حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تارک راما راؤ نے کہا

کہ کانگریس حکومت اپنی دھوکہ دہی، دھیان بھٹکانہ اورتباہ کن پالیسیوں کے ذریعہ ریاست میں 400 ایکرزمین کی فروخت کا منصوبہ بنایا یہ جانتے ہوئے کہ یہ ایک جنگلاتی اراضی ہے۔ کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ ریاست کے ایک بی جے پی لیڈر کی مدد سے ریاستی حکومت نے ایک بروکریج ایجنسی کے ذریعہ ایک بینک کوزمین فراہم کرتے ہوئے بانڈس کی شکل میں 10 ہزار کروڑروپے جمع کرنے کامنصوبہ بنایاہے جس کے بدلے ایجنسی کو 169.84 کروڑروپے فراہم کئے گئے تاکہ حکومت ایف آرایم بی ایکٹ میں درج حدود سے بڑھ کر رقم جمع کرسکے۔ بی آرایس کے کارگزارصدر نے کہا کہ وہ اس مسئلہ کوریزروبینک آف انڈیا کے گورنر، وزارتِ کارپوریٹ امور کےایس ایف آئی اودفتر، سیبی، سی وی سی اورسی بی آئی کے سامنے اٹھائیں گے۔

WEATHER:

تلنگانہ کے مختلف اضلاع جےشنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی کے کئی مقامات پرآئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اورگرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی یومیہ رپورٹ میں بتایا کہ کریم نگر، پداپلی، جےشنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، سدی پیٹ، یدادری بھوانگر، رنگاریڈی، حیدرآباد میں بھی کل بارش کا امکان ہے۔ آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست میں درجہ حرارت میں دوتا تین ڈگری سلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے چندمقامات پر بارش ہوئی۔ عادل آبادمیں کل سب سے زیادہ 41.3 ڈگری سلسیس اعظم ترین درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

CM-PHULE:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ خواتین کی تعلیم غریب اورپسماندہ طبقات تک تعلیم کی رسائی کیلئے خدمات کے اعتراف میں نکلس روڈ پرسماجی اصلاح کارمہاتماجوتی راؤ پھولے کابڑا مجسمہ نصب کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے آج نکلس روڈ پرمجسمہ نصب کرنے کے مقام کا معائنہ کیا اورعہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ مقام کا سروے کرتے ہوئے مکمل رپورٹ انہیں سوپیں۔ عہدیداروں سے کہا گیا کہ وہ ایسا منصوبہ تیارکریں تاکہ مجسمہ کی تنصیب سے ٹریفک ودیگر مسائل پیدا نہ ہوں۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکہ، رکن پارلیمنٹ انیل کمار یادو، ارکانِ اسمبلی، جی ایچ ایم سی میئر وجےلکشمی اور دیگرموجود تھے۔ اس سے قبل وزیراعلیٰ نے عنبرپیٹ میں سماجی اصلاح کارمہاتماجوتی راؤ پھولے کے مجسمہ پران کے یوم پیدائش پرخراجِ عقیدت پیش کیا۔

CROP LOSS:

ریاستی وزراڈی سریدھر بابو، ٹی ناگیشور راؤ اور پونم پربھاکر نے حالیہ دنوں غیر موسمی بارش سے ہوئے نقصانات پر کسانوں کو یقین دلایا کہ حکومت ان کی ہر ممکنہ مدد کرے گی۔ وزیر زراعت ناگیشور راؤ، وزیر صنعت سریدھر بابو، وزیر بہبود پسماندہ طبقات پونم پربھاکر نے سدی پیٹ ضلع کے ابراہیم نگر میں حالیہ ژالہ باری سے فصلوں کو ہوئے نقصانات کا معائنہ کیا اور کسانوں کو مدد کا یقین دلایا۔ اس موقع پر وزرا نے کسانوں سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ کسان پریشان نہ ہوں حکومت ان کے ساتھ ہے۔

ADVISORY:

سری ہنومان جینتی جلوس اور اپل اسٹیڈیم میں سن رائزر حیدرآباد اور پنجاب کنگس کے درمیان آئی پی ایل مقابلہ کے پیش نظر حیدرآباد پولیس کی جانب سے وسیع تر انتظامات کئے جارہے ہیں۔ شہر بھر میں 17 ہزار سے زیادہ پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا جارہا ہے تاکہ مذہبی تہوار خوشگوار طریقہ سے مکمل ہوسکے۔ سری راما مندر گاؤلی گوڑہ سے تاڑ بن ہنومان مندر سکندرآباد تک تقریباً 12 کلومیٹر کی اہم یاترا میں دیگر مختلف علاقوں سے چھوٹی یاترائیں ضم ہوں گی۔ اس جلوس کے دوران ٹریفک تحدیدات عائد رہیں گی۔

SLBC:

ایس ایل بی سی سرنگ میں جاری ریسکیو آپریشن کے خصوصی آفسر شیوشنکر لوٹیٹی نے آج بتایا کہ سرنگ میں پھنسے مزید 6 ورکروں کی تلاش کے لئے آپریشن جاری ہے۔ اس حادثہ میں اب تک دو ورکروں کی لاشیں دستیاب ہوئی ہیں جنہیں ان کے لواحقین کے حوالہ کردیا گیا۔ خصوصی آفیسر نے مختلف ریسکیو ٹیموں کے سینئر عہدیداروں کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کنویئر بیلٹ سسٹم کے ذریعہ سرنگ میں سے بھاری مقدار میں مٹی نکالی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امدادی ٹیمیں ٹنل کے اندر اسٹیل کا ملبہ صاف کرنے اور پانی کے بہاؤ کو دیکھتے ہوئے انتھک جدوجہد کررہی ہے۔

IPL CRICKET:

چینائی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں آج شام کھیلے جانے والے آئی پی ایل مقابلہ میں چینائی سوپر کنگس کا مقابلہ کولکتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ میچ کا آغاز شام ساڑھے سات بجے ہوگا۔ چینائی سوپر کنگس نے اعلان کیا ہے کہ مابا قی ٹورنمنٹ کے دوران مہندر سنگھ دھونی، ریتوراج گائیکواڑ کی جگہ ٹیم کے کپتان ہوں گے۔ کوہنی میں چوٹ لگنے کی وجہ سے گائیکواڑ ٹورنمنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ گزشتہ رات کھیلے گئے ایک مقابلہ میں دہلی کیپٹلس نے رائل چیلنجرز بنگلورو کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔

PADMA AWARDS:

پدم ایوارڈ 2026ء کے لئے نامزدگیوں کا عمل اس سال 31 جولائی تک جاری رہے گا۔ یوم جمہوریہ کے موقع پر پدم ایوارڈس کا اعلان کیا جائے گا۔ مرکزی وزارتِ داخلہ کا کہنا ہے کہ پدم ایوارڈس کے لئے نامزدگیاں وسفارشات صرف آن لائن راشٹریہ پرسکار پورٹل پر داخل کی جاسکتی ہیں۔

Textiles

راجنا سرسلہ ضلع کے سرسلہ ٹاؤن میں 62 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کردہ اپاریل یعنی ملبوسات کے پارک کا افتتاح کیا۔ ریاستی وزراتوملا ناگیشور راؤ، سریدھر بابواور پونم پربھاکرنے اس پارک کا افتتاح کیا۔ اس موقع پرنا گیشور راؤ نے کہا کہ اس پارک میں "ورک ٹو اونر" جیسے مختلف پروگرامس متعارف کرائے گئے ہیں تا کہ ورکروں کو بہتر مواقع اور سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کسانوں اور کپڑا تیار کرنے والے ہنرمندوں کی فلاح و بہبود کو مدِنظر رکھتے ہوئے متعدد اقدامات کررہی ہے۔ اسی سلسلے میں بنکروں کے لیے 290 کروڑ روپے کے پیکیج کا اعلان کیا گیا ہے، جس میں ان کے لیے بیمہ اور لائف انشورنس کی سہولتیں بھی شامل ہیں۔ آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے بتایا کہ اس پارک کے قیام کے لیے مختلف کمپنیوں کے نمائندوں سے مشاورت کی گئی اور اُن کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے یہ منصوبہ تیار کیا گیا۔ رکن اسمبلی پونم پربھاکرنے اس بات پر زور دیا کہ مستقبل میں اس پارک کی مزید توسیع کی جائے گی تا کہ زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع فراہم کیے جاسکیں اور مقامی معیشت کو فروغ دیا جاسکے۔

Sound Byte

OO